20/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میناشفاق امین

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مختلف انتظامی محکمونکے سینئر عہدیداروں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کی غرض سے میٹنگوں کی صدارت کریں گے۔

یہ میٹنگیں آج ، کل اور پرسوں سول سیکریٹریٹ جموں میں منعقد ہوں گی۔ اس سلسلے میں جاری کئے گئے شیڈول کے مطابق متعلقہ وزیروں اور انتظامی سیکریٹریوں سے کہا گیا کہ وہ پری بجٹ سیشنز میں وقت مقررہ پرحاضر ہو جائیں ۔ان میں سے جو وزیر اور انتظامی سیکریٹری سرینگر میں ہوں گے ، وہ ورچول موڈ پر شرکت کر سکتے ہیں۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے حولدار گیجندر سنگھ کو خراج پیش کیا ہے ، جنہوں نے کشتواڑ میں جاری ایک دہشت گردی مخالف آپریشن کے دوران اپنی جان نچھاور کی ہے ۔

انہوںنے کہا کہ قوم بھارتی فوج کے اس جوان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

چیف سیکریٹری

جموں کشمیر میں مشن یوا نے زبردست پیش رفت حاصل کرتے ہوئے پنچایتی سطح پر 95فیصدی کا احاطہ کیا ہے ۔ مشن کے تحت تا حال 14ہزار887درخواست گذاروں نے 847کروڑ روپے کے قرضے واگذار کئے گئے ہیں۔

ان باتوں کی جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدرت میں منعقدہ ایپکس کمیٹی میں دی گئی جس دوران جموں کشمیر میں اس مشن کی عمل آوری کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

یوم جمہوریہ

وادی میں یوم جمہوریہ کی تقریبات احسن طریقے پر منانے کیلئے تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ وادی میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوگی جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمارچودھری قومی جھنڈا پھیراکر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے اس بارے میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

وادی کے دیگر اضلاع مینمتعلقہ ڈپٹی کمشنروں نے جشن جمہور کی تیاریونکاجائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے اورڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے بھی اپنے اپنے اضلاع میں جشن جمہور کی تیاریوں کو حتمی شکل دیدی ہے۔

سنجیو ورما

جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو ورما نے کلا کیندر جموں میں "My India My Vote" کے موضوع سے تین روزہ مصوری کے ایک کیمپ کا افتتاح کیا۔

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز اور چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر کے باہمی اشتراک سے منعقد کردہ اس کیمپ کا مقصد فنکارونکی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان میں جمہوری شرکت کے بارے میں عوام میں بیداری پید ا کرناہے۔

اسی دوران ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے 25جنوری کو منائے جانے والے نیشنل ووٹرس ڈے کے سلسلے میں انتظاما ت کا جائزہ لیا۔

کھیلو انڈیا

لدا خ میں آج سے کھیلو انڈیاونٹر گیمز کا چھٹا ایڈشن شروع ہو رہا ہے جس میں 21ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ہاکی اور سکیٹنگ جیسے مقابلوں میں شرکت کریں گے ،جن Iceعلاقوں سے تعلق رکھنے والے ایک ہزارشرکاء میں472اتھلیٹ بھی شامل ہیں۔

ان کھیلوں کا اہتمام لداخ کا محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس // سپورٹس اتھارٹی آف انڈیاکے تعاون سے کر رہا ہے ۔

کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے اتھلیٹ سے کہا کہ وہ لیہہ میں شروع ہو رہے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز میں شرکت کرکے اپنی صلاحیت کابھر پور مظاہرہ کریں ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

پوسٹ

انڈیا پوسٹ کی طرف سے جموں کشمیر میں اگلی نسل کا دوسرا پوسٹ آفس قائم کیا گیا ہے۔

اور یونیورسٹی کی DSVR Murthy یہ ڈاک خانہ کشمیر یونیورسٹی میں جمونکشمیرسرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے وقف کیا۔

اس سے پہلے اسی طرح کا ایک ڈاکخانہ ایمز وجے پور مینقائم کیا گیا تھا۔

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ4ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ